## سوال

(263) کولونیا کو بطور خوشبو استعمال کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کولونیا کو بطور (میک اپ) خوشبو استعمال کرنے کے بارے میں کافی بحث مباحثہ ہوا لہذا آپ سے گزارش ہے کہ یہ فرمائیں اگر یہ خوشبو استعمال کی ہو تو کیا وضوء دوبارہ کرنا ہوگا یا صرف جسم کے حصے کو دھویا جائے جہاں یہ خوشبو لگی ہو۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کولونیا کی خوشبو سپرٹ سے خالی نہیں ہوتی اور اطباء کے بقول یہ ایک نشہ آور مادہ ہے لہذا اس کا استعمال ترک کرنا اور اس کی بجائے اس مادہ سے پاک خوشبو کا استعمال کرنا واجب ہے لیکن اگر کسی نے یہ خوشبو استعمال کرلی ہو اس سے وضوء کرنا واجب نہیں اور نہ جسم کے اس حصے کو دھونا واجب ہے جہاں یہ لگی ہو کیونکہ اس کے ناپاک ہونے کی کوئی دلیل نہیں ۔ واللہ اعلم) (شیخ ابن باز)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ: جلد1]

## صفحہ نمبر 275

## محدث فتویٰ